پریس ریلیز

ریزرو بینک آف انڈیا
ویب سائٹ: www.rbi.org.in/hindi
ویب سائٹ: www.rbi.org.in
ایمیل: helpdoc@rbi.org.in

ڈپارٹمنٹ آف کمیونیکیشن، سینٹرل آفس، ایس بی ایس مارگ، فورٹ، ممبئی - 400001
فون: 022-22660502

6 جون، 2022

بینکنگ ریگولیشن ایکٹ 1949 کے دفعہ 56 کے ساتھ پڑھے جانے والے دفعہ 35 اے کے تحت جاری ہدایات (جو کہ کواپریٹیو سوسائٹیز پر لاگو ہے) – نگر اربن کوآپریٹیو بینک لمیٹڈ، احمد نگر– مدت میں توسیع

ریزرو بینک آف انڈیا نے اپنے جاری کردہ ہدایت نمبر Dos.CO.SUCBs-West/S2399/12.22.159/2021-22 مورخہ 06 دیسمبر، 2021 کے تحت نگر اربن کوآپریٹو بینک لمیٹڈ، احمد نگر کو کاروبار کے اختتام سے 06 دیسمبر، 2021 کو چھ ماہ کی مدت تک کے لئے ہدایات کے تحت رکھا تھا۔ ان ہدایات کی میعاد کو 06 جون، 2022 تک کے لئے قائم رکھا ہے۔

2۔ اس کے ذریعے عوام کی معلومات کے لیے مطلع کیا جاتا ہے کہ ریزرو بینک آف انڈیا، بینکنگ ریگولیشن ایکٹ، 1949 کے دفعہ 56 کے ساتھ پڑھے جانے والے دفعہ 35 اے کے ذیلی سیکشن (1) کے تحت اسے دیئے گئے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے اس بات کی ہدایت دیتا ہے کہ مذکورہ بالا ہدایات، ہدایت نمبر DOR.MON/D-16/12.22.159/2022-23 مورخہ 06 جون، 2022 کے مطابق 06 ستمبر، 2022 تک بینک پر لاگو ہوتی رہیں گی، اور یہ کہ زیر مطالعہ رہیں گی۔

3۔ اس کے تحت ہدایت کی دیگر تمام شرائط وضوابط میں کوئی تبدیلی نہیں کی جائے گی۔ مورخہ 06 جون، 2022 کی ہدایت کی ایک کاپی جس میں مذکورہ بالا توسیع کا ذکر کیا گیا ہے، وہ بینک کے احاطے میں عوام کو دیکھنے کے لیے رکھا گیا ہے۔

4۔ ریزرو بینک آف انڈیا کی جانب سے مذکورہ توسیع اور /یا ترمیم سے ہرگز یہ نہیں سمجھا جانا چاہیے کہ ریزرو بینک آف انڈیا بینک کی مالی پوزیشن سے مطمئن ہے۔

(یوگیش دیال)

چیف جنرل مینیجر

پریس ریلیز: 2022-2023/320